## 20225 ـ کیا عورتیں بھی اذان اور اقامت کہینگی ؟

**سوال**

برائے مہربانی آپ یہ بتائیں آیا عورتوں کے لیے نماز سے قبل اذان اور اقامت فرض ہے یا واجب، چاہے نماز انفرادی ہو یا باجماعت ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

مستقل فتوی کمیٹی سے سوال دریافت کیا گیا:

عورت اگر عورتوں کی جماعت کرائے تو کیا اس کے لیے اقامت مشروع ہے ؟

کمیٹی کا جواب تھا:

عورتوں کے اقامت کہنا مشروع نہیں، چاہے وہ انفرادی نماز ادا کریں یا پھر کوئی عورت انہیں جماعت کرائے، اور اسی طرح ان کے لیے اذان کہنا بھی مشروع نہیں.

دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ و البحوث العلمیۃ والافتاء ( 6 / 84 ).

شیخ ابن باز رحمہ اللہ تعالی سے درج ذیل سوال کیا گیا:

کیا عورت کے لیے نماز میں اذان اور اقامت کہنی جائز ہے یا نہیں ؟

شیخ رحمہ اللہ تعالی کا جواب تھا:

عورت کے لیے نماز میں اذان اوراقامت کہنا مشروع نہیں، بلکہ یہ مردوں کا کام ہے، لیکن عورتوں کے لیے نہ تو اذان کہنا مشروع ہے، اور نہ ہی اقامت، بلکہ وہ بغیر اذان اور اقامت کے نماز ادا کرینگی.

دیکھیں: مجموع فتاوی و مقالات متنوعۃ شیخ ابن باز ( 10 / 356 ).

واللہ اعلم .